بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قرآن سب کے لیے، ہر دل میں، ہر ہاتھ میں

# الہدیٰ نیوز لیٹر

مئی تا اگست 2016ء ، رجب تا ذوالقعدہ 1437ھ | شمارہ:2

**بنیادی اقدار:** اخلاص امانت وصداقت صبر واستقامت خیر خواہی لگن نظم وضبط عزت واحترام

**مشن:** قرآن وسنت کی تعلیم کے ذریعے انسانیت کی خدمت جو کہ دنیا میں امن اور آخرت میں کامیابی حاصل کرنے کا باعث ہے

## اہم خبریں

### قربانی پروجیکٹ

اس سال بھی الہدیٰ میں عیدالاضحیٰ کے موقع پر اجتماعی قربانی کا اہتمام کیا گیا ہے۔تفصیلات کے لیے اندرونی صفحات۔

### کراچی میں AIS برانچ کا قیام




الہدیٰ انٹرنیشنل اسکول (AIS) کے اسلام آباد میں قیام کے چھ کامیاب سالوں کے بعد،اللہ سبحانہ و تعالیٰ کی رحمت سے 17 اگست 2016ء کو AIS کراچی کیمپس کا افتتاح ہوا۔

### صحیح بخاری کی کلاسز

22 اگست، 2016ء سے استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی نے ''کتاب المناقب'' صحیح بخاری کے دل ودماغ کو روشن کر دینے والی کلاسز دوبارہ شروع کردی ہیں۔جن میں احادیث کا ترجمہ اور وضاحت کے علاوہ روزمرّہ زندگی میں ان پر عمل درآمد کے لیے اسباق اخذ کیے جاتے ہیں۔

### لیڈر شپ ایکسیلنس ایوارڈ

مسلم فیسٹ (Muslim Fest) کے آرگنائزرز کی جانب سے مِسّی سوآگا کی میئر BonnieCrombi نے الہدیٰ کینیڈا کی چیئر پرسن مبین قریشی کو 27 اگست 2016ء کو مسلم فیسٹ میں لائف ٹائم اچیومنٹ ایوارڈ ''فاطمہ بنت محمد لیڈر شپ ایکسیلنس ایوارڈ'' دیا۔ یہ ایوارڈ ان کو گزشتہ چند دہائیوں سے کینیڈا کی مسلم خواتین کو منظم اور متحرک کرنے میں متاثر کن قائدانہ کردار ادا کرنے کی بنا پر دیا گیا ہے۔

## ذوالحجہ کے دس دن

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اللہ کی نظر میں ان دس دنوں سے زیادہ بہتر کوئی اور دن نہیں ہیں اور جن میں کیے گئے نیک اعمال اس کو بہت محبوب ہیں۔'' [مسند احمد]

**ابتدائی دس دنوں میں کیا کریں؟**

☆ چاند دیکھنے کی مسنون دعا پڑھیں۔☆ 1 تا 13 ذوالحجہ جس حد تک ممکن ہو تکبیرات پڑھیں۔

☆ ذوالحجہ کا چاند دیکھنے کے بعد قربانی کرنے تک ناخن کاٹیں اور نہ بال تراشیں۔

☆ جس حد تک ممکن ہو، زیادہ سے زیادہ نیک اعمال (نفل نمازیں، اذکار، روزہ، صدقہ وخیرات کے علاوہ مستحقین کی مدد وغیرہ) کریں۔

☆ 9 ذوالحجہ کا روزہ رکھیں اس سے گزشتہ اور آئندہ سال کے گناہ ڈھل جاتے ہیں۔

**عید کے دن کیا کریں؟**

☆ عید کی نماز کے بعد اور ترجیحاً قربانی کے بعد تک کچھ نہ کھائیں۔


☆ عید کی نماز کے لئے جاتے ہوئے اور واپسی پر راستہ میں تکبیرات پڑھتے رہیں نیز آنے اور جانے پر رستہ بدل لیں۔

☆ قربانی کا گوشت رشتہ داروں، پڑوسیوں، دوستوں اور ضرورت مندوں میں تقسیم کریں۔

## ڈاکٹر فرحت ہاشمی کا پیغام آپ سب کے نام

اللہ تعالیٰ نے اپنی خاص رحمت سے ہمیں اپنا ایمان تازہ کرنے، نئے جوش وولولہ کے ساتھ اپنی اصلاح کرنے اور اپنے گناہوں کو دھونے کے خصوصی مواقع فراہم کیے ہیں۔ ماہ رمضان میں ہم نے اپنی روحانیت میں جو اضافہ محسوس کیا اور پھر شوّال کے چھ روزے رکھے نیز اس کے بعد آنے والے مقدس مہینوں، خاص طور پر ذوالحجہ میں روحانیت میں اضافے کے زبردست مواقع ملے خاص طور پر ذوالحجہ کے ابتدائی دس دنوں کی بہت زیادہ قدر وقیمت ہے۔حاجی صاحبان بھی ان افضل دنوں میں، بہترین جگہ پر، بہترین عبادت کے ساتھ مناسک حج ادا کرتے ہوئے افضل ترین اعمال کو اکٹھا کر لیتے ہیں۔یہ اعمال اسی وقت نتیجہ خیز ثابت ہو سکتے ہیں جب ان کا طرز عمل اور رویہ اپنے مسلمان ساتھیوں کے ساتھ بہترین ہو۔مناسک حج کی ادائیگی کے دوران حاجی اپنی طرف سے بہترین اعمال کرنے کی کوشش کرتے ہیں جیسے کمزوروں کی مدد کرنا، اپنے کھانے اور جگہ میں دوسروں کو شریک کرنا، دوسروں کو معاف کرنا اور اپنے اردگرد کے ماحول کو صاف ستھرا رکھنا۔جو لوگ اس سال حج نہیں کر رہے انہیں ان خاص دنوں کو عبادت کرنے اور دوسروں کی مدد کرنے میں گزارنے کی کوشش کرنا چاہیے۔ جن کی خواہش تھی کہ کاش وہ رمضان میں زیادہ نیکیاں کما سکتے ان کے لئے یہ ایک اور زبردست موقع ہے کہ وہ نیکیوں میں سبقت لے جائیں اور اللہ تعالیٰ کو راضی کریں، ہر ہر لمحہ کو اللہ کی یاد میں گزاریں، روزہ رکھیں، صدقہ وخیرات کریں، مسلمان امت کے لیے دعا کریں۔حال ہی میں ہم نے قرآن کے آخری پارہ کو مکمل کیا ہے۔میں آپ کو یہ مشورہ دیتی ہوں کہ آپ میں سے ہر ایک اس کا مطالعہ کرے اور اس میں دوسروں کو بھی شریک کرے عیدالاضحیٰ کے موقع پر میری طرف سے آپ لوگوں کے لیے یہ ایک تحفہ ہے۔اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ہمیں علم کا ثمر، تقویٰ عطا فرمائے۔

''یا اللہ! میرے نفس کو اس کا تقویٰ عطا کر اور اس کو پاک رکھ، تو ہی اس کو بہترین پاک کرنے والا ہے تو ہی اس کا ولی اور مولا ہے''۔



قارئینِ کرام! السلام علیکم ورحمۃ اللہ

الہدیٰ کی سرگرمیوں اور دیگر مفید معلومات آپ تک پہنچانے کی ہماری ادنیٰ سی کوشش پر ہم آپ کی طرف سے حوصلہ افزائی اور تعریف کے بہت شکر گزار ہیں۔پچھلے چار ماہ کے دوران اور خصوصاً رمضان کے بابرکت مہینے میں علم کی اشاعت اور انسانیت کی خدمت کے لیے حسبِ استطاعت کوششیں کی گئیں۔ملک کے تمام چھوٹے بڑے شہروں کے علاوہ بیشتر غیر ممالک میں بھی قرآن مجید کا فہم دینے کے لیے ایمان افروز محفلوں کا اہتمام کیا گیا۔جن سے بہت سے لوگوں کو پہلی بار یہ جاننے کا موقع ملا کہ ہمارے خالق نے قرآنِ مجید میں ہمارے لیے کیا نازل کیا ہے۔اس کے ساتھ ساتھ بہت بڑی تعداد میں الہدیٰ کے رضا کاروں نے سماجی بہبود کی خدمات سر انجام دیں۔اس سال بھی بہت سے شہروں میں راشن بیگ تقسیم کیے گئے اور مختلف مقامات پر افطاری کا اہتمام بھی کیا گیا۔عید الفطر کے موقع پر کچی بستیوں میں بچوں اور ہسپتالوں میں مریضوں کو تحائف بھی دیے گئے جس نے بہت سے دکھی چہروں پر مسکراہٹ بکھیر دی۔یہ سب کچھ صرف اللہ تعالیٰ کی توفیق اور آپ سب کی مدد اور تعاون سے ممکن ہو سکا۔عیدالاضحیٰ کی آمد آمد ہے اس موقع پر بھی الہدیٰ نے مختلف سطح پر تعلیمی اور سماجی بہبود کی خدمات کا پروگرام بنایا ہے۔جس میں حج ٹریننگ اور مستحق افراد میں گوشت کی تقسیم شامل ہے۔ہم آپ کو دعوت دیتے ہیں کہ اللہ کا پیغام پھیلانے اور معاشرے میں خوشیاں بکھیرنے کے لیے آپ بھی الہدیٰ کے ساتھ تعاون کریں۔آپ بلا تکلف اپنے آرٹیکل یا تاثرات درج ذیل ای میل ایڈریس پر بھیج سکتے ہیں:

newsletter@alhudapk.com

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کے وہ تمام کوششوں کو قبول فرمائے۔ آمین۔

ایڈیٹر طاہرہ خان

# علمی سر گرمیاں




## ریجنز کانووکیشن۔2016ء

یہ تقریب اتوار،30اپریل،2016ءکو الہدیٰ اسلام آباد میں منعقد ہوئی۔جس میں ملک کے طول وعرض سے آئی ہوئی گریجویٹ طالبات کو سرٹیفیکیٹ دیئے گئے۔محترمہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ تقریب کی مہمان خصوصی تھیں۔ثمینہ جواد نے کانووکیشن رپورٹ پیش کی۔طالبات نے اپنے تاثرات میں بتایا کہ کس طرح قرآن مجید نے ان کی زندگیوں کو ایک مقصد عطا کیا۔الہدیٰ انٹرنیشنل سکول کے بچوں نے اسلام کے سنہری دور اور اسکے زوال سے متعلق ایک خوبصورت ٹیبلو پیش کیا۔آخر میں استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ نے ریجنز کے سٹاف ممبران کو تحائف دیے۔



## کمیونٹی ایجوکیشن میں نیا سنگ میل

کراچی ریجن کی اکیڈمک ٹیم نے اندرون سندھ ''اقراء کورس'' کا آغاز کیا ہے۔یہ کورس الہدیٰ حیدرآباد سندھ کی برانچ سے ''روشنی کا سفر'' کورس کی کامیاب طالبات کی ٹریننگ کے لیے شروع کیا گیا۔ ایک تجربہ کار اور ولولہ انگیز ٹیم نے نصابی کتب، تدریسی مواد، پوسٹرز اور فلیش کارڈز تیار کئے اور ٹریننگ کے لئے حیدرآباد تک کا سفر کیا۔یہ ٹریننگ 12 طالبات کو دی گئی تاکہ یہ طالبات منظّم طریقے سے خواتین اور لڑکیوں کو بنیادی اسلامی تعلیمات دینے کے قابل ہوسکیں۔نیز اس کورس کی کامیابی کا اندازہ لگانے اور خامیوں کو معلوم کرنے کے لیے اس پروگرام کی مسلسل نگرانی بھی جاری ہے۔

## متفرق موضوعات پر ورک شاپس کا انعقاد

منجانب نازیہ عامر

اس مقصد کے لئے جڑواں شہروں میں مئی تا اگست مختلف عنوانات پر ورک شاپس منعقد کی گئیں۔قرآن وسنت کی روشنی میں روزمرّہ زندگی سے متعلق مسائل اور معاملات کو ڈسکس کیا گیا۔آئندہ ماہ ''شکر گزاری'' کے عنوان سے ورک شاپس کا انعقاد ہوگا۔حج کے موسم میں الہدیٰ اسلام آباد کیمپس میں حاجیوں کی تعلیم اور معاونت کے لئے ہفتہ وار سیشنز کئے گئے۔ٹریننگ کے بعد ایک خاتون نے کہا کہ ''میں نے کبھی نہیں سوچا تھا کہ حج کرنا اتنا آسان ہوجائے گا۔'' لاہور اور گوجرانوالہ ریجنز کے سٹاف ممبران نے لاہور ریجنل آفس میں مئی کے مہینے میں خصوصی ورک شاپ میں شرکت کی۔ان کو پبلک سپیکینگ اسکلز،طہارہ ورک شاپس،ڈسپلے بورڈ مینیجمنٹ اور ہسپتال وزٹ کے ذریعے مریض کی عیادت کا طریقہ سکھایا گیا۔

## الہدیٰ انسٹیٹیوٹ فارمین

منجانب تیمور اقبال


**سمر کورس:** رمضان میں لڑکوں کے لیے سمر کورس کا انعقاد کیا گیا۔کورس میں ۹۰ سے زائد طلباء نے رجسٹریشن کروائی،جن کی عمریں 14 سے 20 سال کے درمیان تھیں۔کورس تعلیمی مگر آرام دہ ماحول میں منعقد کیا گیا۔

**گریجویشن کی تقریب:** تیسرے بیچ کا آخری سمسٹر اگست میں مکمل ہوا۔آخری دن ایک سادہ لیکن خوشنما گریجویشن تقریب کا اہتمام کیا گیا۔طلباء نے تقریب کی میزبانی کی،تعلیمی تقاریر کیں اور اپنا ایک سال الہدیٰ کے ساتھ گزارنے کے بارے میں دلی تاثرات پیش کئے۔**تفریح:** طلباء نے ایک دن خان پور ڈیم پر گزارا جہاں انہوں نے خوبصورت مناظر، پیراکی اور چٹان سے پانی میں چھلانگ لگانے کا لطف اٹھایا۔

## سمر کورسز

منجانب مریم افضل

مفید معلومات اور تفریح سے بھرپور سمر کورسز اسلام آباد، لاہور، کراچی، پشاور اور دیگر علاقوں میں منعقد کروائے گئے۔ان کورسز کی بدولت بچوں کو موسم گرما کی تعطیلات ایک مثبت انداز میں گزارنے کے مواقع میسر آئے۔ ہمارے بچے ڈیپارٹمنٹ کے تحت بھی سمر کورسز کروائے گئے۔بچوں کو ان کی عمر کے لحاظ سے گروپس میں تقسیم کیا گیا۔ چھوٹے بچوں کو قرآنی واقعات پر مشتمل ایکٹیوٹیز کروائی گئیں جب کہ بڑے بچوں کے اسباق سورۃ الحجرات کی آیات کے پس منظر میں معاشرے میں پائے جانے والے منفی رویوں جیسے تکبر، غیبت، اور ان سے بچنے کے طریقوں پر مشتمل تھے۔بچوں کی مائیں بے حد مطمئن تھیں۔ ان میں سے ایک کا کہنا تھا: ''میرے بچوں نے بہت خوشگوار ماحول میں اسلامی آداب سیکھے۔اساتذہ بہت تربیت یافتہ ہیں اور دو گھنٹے کا وقت وہ بہت موثر طریقے سے استعمال کرتی ہیں''۔




## القرآن تدبر وعمل ۔ تکمیل پارہ 30

جب الہدیٰ اسلام آباد کے سٹاف اور طالبات نے جب ''القرآن تدبر وعمل'' کے پارہ 30 کو مکمل کیا تو فضا میں شیخ السدیس کی پرتاثیر آواز گونج اٹھی۔یہ ایک یادگار موقع تھا کیونکہ تعلیم القرآن کورس کی طالبات نے بھی قرآن کے ساتھ اپنے ایک سالہ سفر کو مکمل کرلیا تھا۔ایک طالبہ نے اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ''یہ کورس ایسا ہے جس کو لازماً کرنا چاہیے۔مجھے علم نہیں تھا کہ صرف ایک سال میں قرآن میری زندگی اور میرے تعلقات پر اتنا زیادہ مثبت طور پر اثر انداز ہوسکتا ہے۔'' رمضان میں شروع ہونے والے ان سیشنز کا اختتام ڈاکٹر فرحت ہاشمی کے اس مؤثر پیغام سے ہوا: ''اب اپنے علم کو عمل میں ڈھالنا ہے اور مثالی اخلاق کو اپنانا ہے۔یہ دوسرے لوگوں کو رب سے جوڑنے کا بہترین طریقہ ہے۔لگن کے ساتھ قرآن کی روشنی کو پھیلانا ہے۔ان کاموں کو شمار نہیں کرنا جو آپ نے مکمل کر لئے ہیں بلکہ اس پر نظر رکھنی ہے کہ آپ نے انسانیت کو کتنا فائدہ پہنچایا کہ اصل میں کامیابی یہی ہے۔'' جب نشید کے الفاظ ''جو دن ہیں تم نے یہاں گزارے بھلا نہ دینا'' نے گزشتہ سالوں کی محبت بھری یادوں کو ذہن میں تازہ کردیا تو طالبات اپنی کلاس فیلوز سے گلے ملنے لگیں اور اپنے اساتذہ کا شکریہ ادا کرنے لگیں۔درحقیقت، جب اللہ کی کتاب پڑھ رہے ہوتے ہیں تو ہم بہت سے وعدے کرتے ہیں۔ان شاءاللہ ان وعدوں کو پورا کرنا ہے۔




## مہمان سپیکر

مشہور اسلامی سکالر ڈاکٹر فضل الٰہی نے جون میں دو دن الہدیٰ انٹرنیشنل اسلام آباد میں وزٹ کیا۔طالبات کو معلوماتی لیکچر ''دعوت دین کیسے دی جائے'' سے مستفید کیا۔

## خصوصی مواقع اور دن

منجانب ڈاکٹر فردوس روحی



### شجر کاری مہم

الہدیٰ کے زیر اہتمام مون سون شجر کاری مہم میں اسلام آباد کی طالبات نے حصہ لیا اس سال دو سو سے زائد سدا بہار پھولوں اور پھلوں کے پودے اور درخت لگائے گئے۔اس موقع پر درختوں سے متعلق احادیث اور دیگر مفید معلومات پر مشتمل پمفلٹس بھی تقسیم کئے گئے۔

### ورلڈ ہیپاٹائٹس ڈے-28 جولائی

دنیا بھر میں 40 کروڑ لوگ وائرل ہیپاٹائٹس کی بیماری سے متاثر ہوچکے ہیں۔خوفناک شرح کے ساتھ ایسی پیچیدگیوں کی نشوونما ہوئی جس کا نتیجہ موت ہوتا ہے۔طالبات میں آگاہی بڑھاتے ہوئے ڈاکٹر فردوس روحی نے کہا ''یہ وقت ہے کہ ہم خود اپنے آپ کو اور اپنے اردگرد دوسروں کی حفاظت کے طریقے سوچیں اور ان پر عمل کریں۔ الہدیٰ کی جانب سے ویب سائٹ پر ایک پیغام بھی اپ لوڈ کیا گیا۔

www.alhudapk.com/hepatitis-day.htm

### انسانیت کا دن- 19 اگست

اس سال کی تھیم ''ایک انسانیت'' تھا۔اسلام میں انسانیت کی خدمت پر بہت زیادہ زور دیا جاتا ہے. قرآن مجید میں بہت سی آیات ایسی ہیں جن میں ایمان لانے والوں (مومنوں) کو یہ حکم دیا گیا ہے کہ وہ ضرورت مندوں، خاص طور یتیموں اور بیواؤں اور کمزوروں کا خیال رکھیں۔محمد ﷺ کو رحمت للعالمین بنا کر بھیجا گیا۔ہمیں تمام لوگوں کے ساتھ مہربان اور سخی ہونا چاہیے اور بلا کسی تفریق کے ضرورت مندوں کی مدد کرنی چاہیے۔مزید یہ کہ جہالت کو علم پھیلا کر ختم کرنا اور مخلصانہ سماجی بہبود کے کام کے ذریعے انسانوں کے دکھوں کو کم کرنا چاہیے۔انسانیت کے دن سے متعلق پیغام کو ہماری ویب سائٹ پر بھی اپ لوڈ کیا گیا۔

## ڈاکٹر فرحت ہاشمی کے علمی سیشنز

منجانب حفصہ احمد

13 مئی کو دبئی سربراہی اجلاس کے موقع پر اہم عنوان ''خاندانی زندگی کی اہمیت'' تھا۔اس موقع پر استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی کو بھی بطور سپیکر مدعو کیا گیا تھا۔انہوں نے کہا اگر ہمارے بچے دنیا کی تمام کامیابیاں حاصل کرلیں لیکن اگر وہ آخرت میں ناکام ہوجائیں تو اصل میں وہ ناکام ہوگئے۔سب سے بڑا تحفہ جو آپ اپنے بچوں کو دے سکتے ہیں انہیں درست سمت دکھانا ہے۔ایسا راستہ جو انہیں درست مقصد کی طرف لے جائے۔ان کی رہنمائی قرآن وسنت کی روشنی میں کرنے کی ضرورت ہے، توجہ اور محبت سے ان کی پرورش کریں وہ اس طرح زیادہ جذب کریں گے۔انہوں نے ایک اور اہم نکتے پر روشنی ڈالی اور وہ تھا 'ٹیکنالوجی سمجھنے والے والدین''۔انہوں نے مشورہ دیا کہ آپ خود ٹیکنالوجی کا استعمال سیکھیں۔آپ کو پر اعتماد، باخبر اور جدّت پسند ہونا چاہیے تاکہ آپ اس دور میں مؤثر والدین بن سکیں۔ایک اور سپیکر ڈاکٹر کنول قیصر بھی شریک تھیں۔پیشہ کے لحاظ سے وہ بچوں کی ڈاکٹر ہیں اور الہدیٰ انٹرنیشنل اسلام آباد کے شعبہ ''ہمارے بچے'' کی سربراہ ہیں۔ اپنی گفتگو میں انہوں نے اس بات پر توجہ رکھی کہ بچوں کی پرورش میں کس طرح ایک متوازن طرز عمل اختیار کرنا چاہیے تاکہ وہ اچھی متوازن شخصیت کے طور پر نشوونما پاسکیں۔

### علمی دورے

ڈاکٹر فرحت ہاشمی کو لیکچرز دینے کے لیے درج ذیل شہروں میں مدعو کیا گیا۔ ملتان، عبدالحکیم، چیچہ وطنی، سیالکوٹ اور بہاولنگر۔ پاکستان کے علاوہ جدہ (سعودی عرب) وغیرہ۔

# ابلاغ عامہ کے ذریعے خدمت

نورین ندیم اور رخشندہ عارض

## الھدیٰ ایپس (Alhuda Apps)

• Qur'an in hand ایپ کا IOS ورژن بن چکا ہے۔

• Qur'an for All ایک نئی صورت و شکل کے ساتھ جدید بنا دیا گیا ہے:

اس ایپ کو استعمال کرنے والا پس منظر میں قرآن کی تلاوت با ترجمہ سننے کے دوران اس کے متن کو بھی دیکھ سکتا ہے اور مختلف مشہور قرأ حضرات کی آواز میں تلاوت سنی جا سکتی ہے۔

• جلد ہی اسماء ھدیٰ کی تجوید اور ڈاکٹر فرحت ہاشمی کی تفسیر کی آڈیوز کے مزید لنک بھی دیے جائیں گے ان شاء اللہ۔

• اردو انٹرفیس استعمال کرنے کا انتخاب، پلے لسٹ، نیا آڈیو پلیئر اور دیگر بہت سے فیچرز بھی شامل کیے جائیں گے۔

• صرف IOS کے لئے دعا کیجئے اور سونے جاگنے کے آداب ایپ کو بھی جدید ٹیکسٹ اور bug fixes کے ساتھ مزید بہتر بنایا گیا ہے۔

## نئے الھدیٰ ٹیلی گرام چینلز

الھدیٰ کے مختلف ٹیلی گرام چینلز بھی موجود ہیں جہاں متفرق موضوعات سے متعلق مستند علمی مواد موجود ہے جیسے ان سائیٹ رمضان، تدبر القرآن وغیرہ۔

### حکمت کے موتی (Pearls of wisdom)

http://telegram.me/The Pearls of Wisdom

اس چینل کا آغاز 22 مارچ کو ہوا۔ اس میں ایک آیت کی تفسیر سے انتخاب، مستند احادیث، علماء کے عربی اقوال (اردو اور انگلش ترجمہ کے ساتھ) اور اس سے متعلق الھدیٰ انٹرنیشنل انسٹیٹیوٹ کی طالبات کے مؤثر تاثرات شامل ہیں۔

### فہم القرآن

https://telegram.me/FahmAlQuran

اس چینل کا 28 مئی کو آغاز ہوا۔ اس میں قرآن کا ترجمہ اور مختصر تفسیر، ڈاکٹر فرحت ہاشمی کے 2014ء کے دورہ قرآن کی آڈیوز اور قرآن کی تفسیر سے حکمت کے موتی نشر کیے جاتے ہیں۔

### رمضان ان سائیٹ

http://telegram.me/RamazanInsights

اس چینل کا 5 جون کو آغاز ہوا۔ اس میں شہر رمضان کی وڈیو سیریز، آیات، احادیث، دعائیں، اقتباسات، صحت کے اہم نکات، فقہی سوالات، SMS، RBT، راشن سروس، اور رمضان سے متعلق معلومات موجود ہیں۔


### القرآن تدبر و عمل

http://telegram.me/AlQuranTadabburWaAmal

اس چینل کا 20 جون کو آغاز ہوا جس میں: تلاوت، لفظی ترجمہ، تفسیر، غور و فکر کرنے کے نکات، محاوروں/فقروں کے معنی، عمل کے نکات، خلاصہ، تجوید اور حفظ سے متعلق مواد ہے۔

## الھدیٰ پبلیکیشنز

بڑے پیمانے پر لوگوں تک مستند معلومات پہنچانے کے لیے الھدیٰ قرآن و سنت کی روشنی میں معلوماتی اور تحقیق شدہ مطبوعات (products) تیار کرتا ہے جو کہ تمام سیلز آفس پر دستیاب ہیں۔ ہماری نئی مطبوعات مندرجہ ذیل ہیں:




تدبر و عمل 30 واں پارہ، عمرہ، تیاری طریقہ اور دعائیں، نرمی کی اہمیت، وضو پمفلٹ، اہل قرآن کے اخلاق، الحمد للہ کارڈ (انگریزی)، استغفار کی دعائیں کارڈ۔ برائے مہربانی الھدیٰ نشر و اشاعت ٹیم کی مزید سرگرمیوں کے بارے میں جاننے کے لیے وزٹ کریں:

www.alhudapk.com | www.alhudapublications.org

# خدمتِ انسانیت

Al-Huda Cares!

مسٹر قمر بلال اور مسٹر وسیم خان

"اور تم سب اللہ کی بندگی کرو، اس کے ساتھ کسی کو شریک کو نہ بناؤ، ماں باپ کے ساتھ نیک برتاؤ کرو، قرابت داروں اور یتیموں اور مسکینوں کے ساتھ حسن سلوک سے پیش آؤ اور پڑوسی رشتہ دار سے، اجنبی ہمسائے سے، پہلو کے ساتھی اور مسافر سے اور ان لونڈی غلاموں سے جو تمہارے قبضہ میں ہوں، احسان کا معاملہ رکھو۔ یقین جانو اللہ کسی ایسے شخص کو پسند نہیں کرتا جو اپنے پندار میں مغرور ہو اور اپنی بڑائی پر فخر کرے"۔ [سورۃ النساء: 36]



## ہاؤسنگ کالونی "فاطمہ کی بستی"

ضلع بدین، سندھ میں اسلام قبول کرنے والے افراد کے لیے 70 کنال کی ہاؤسنگ کالونی الھدیٰ کو عطیہ کی گئی ہے۔ جہاں پہ گھر خاندانوں کے لیے ماڈل گھروں کی تعمیر کا کام جاری ہے۔ ہمارا مشن ہے مستقل جائے پناہ، اسلامی تعلیم اور خود انحصاری۔

## عید الاضحیٰ پر قربانی الھدیٰ کے زیر اہتمام

آپ کے تعاون سے 2015 میں ادارہ نے پنجاب، سندھ، آزاد کشمیر، خیبر پختونخواہ، بلوچستان اور چترال کے سیلاب زدگان کے علاقوں میں 17 ملین روپے کی اجتماعی قربانی کی۔ قربانی کا گوشت دور دراز علاقوں میں دو لاکھ سے زیادہ اُن مستحق افراد میں تقسیم کیا گیا جو غربت کی وجہ سے گوشت خریدنے کی استطاعت نہیں رکھتے۔

2016ء کے لئے قربانی کے ریٹ

| جانور | پاکستانی روپے |
|---|---|
| بکری | 22,000 |
| گائے (ایک حصہ) | 10,000 |
| گائے (مکمل) | 70,000 |

### بینک تفصیلات:

اکاؤنٹ ٹائٹل: الہدیٰ انٹرنیشنل ویلفیئر فاؤنڈیشن

IBAN AC#: PK30DUIB0000000162922001

اکاؤنٹ نمبر: 0162922001(PKR)

برانچ کوڈ: 040

سوئفٹ کوڈ: DUIBPKKA

بینک کا نام: دبئی اسلامک بینک

برانچ کا نام: 8-I مرکز برانچ، اسلام آباد، پاکستان

TIME TO SHARE

www.alhudapk.com/donate

رسید کی وصولی کے لئے اس ایڈریس پر رابطہ کریں:

donations@alhudapk.com

## خوشیاں بانٹنا

عید الفطر کے موقع پر الھدیٰ نے کپڑے اور راشن بیگ 50 مستحق خاندانوں میں تقسیم کیے۔ بیواؤں میں سلائی مشینیں تقسیم کی گئیں تا کہ وہ اپنے اور اہل خانہ کے لئے باعزت روزی کما سکیں۔

## ایبٹ آباد میں مسجد

ایبٹ آباد میں مسجد کی تعمیر مکمل ہو گئی ہے۔

## حاجیوں کے لیے الھدیٰ کا تحفہ

مقدس سفر پر جانے والے حاجیوں کے لئے حج سے متعلق معلوماتی مواد حج کے تحفہ کے طور پر روزانہ پشاور ایئر پورٹ پر تقسیم کیا گیا۔ حاجیوں نے اس کوشش کو بہت سراہا کہ اس سے انہیں حج کی ادائیگی میں مدد ملے گی اور انہوں نے الھدیٰ کے لئے خاص دعائیں کیں۔ دیگر علاقوں کے سٹاف نے بھی حج پر جانے والوں کی رہنمائی کی اور انہیں معلوماتی مواد فراہم کیا۔

## مئی تا اگست ایک نظر میں

| امداد کی نوعیت | کیسز کی تعداد |
|---|---|
| مالی امداد | 7 |
| شادی | 3 |
| تعلیمی | 2 |
| طبی خدمات اور مدد | 4 |

آپ بھی تعاون کر سکتے ہیں!

مزید معلومات کیلئے وزٹ کریں: www.alhudapk.com/social-welfare.html

# صحت اور سائنس

## اعصابی تحریک سے بیماری پر قابو پانا



یو کے ادویہ ساز ادارے گلیکسو سمتھ کلائن GSK اور گوگل کے مالک نے صحت اور ٹیکنالوجی کو اکٹھا کر کے electroceuticles ایجاد کیے ہیں۔ اعصابی خلیوں کو برقی تحریک دینے سے بہت سی بیماریوں کا علاج ممکن ہے جن میں جوڑوں کے امراض، دمہ اور ذیابیطس شامل ہیں۔ جانوروں پر کیے گئے تجربات یہ ثابت کر چکے ہیں کہ بہت چھوٹے برقی implants کے ذریعے harmonal, metabolic, اور inflamatory بیماریوں پر مثبت اثرات حاصل کیے جا سکتے ہیں۔ peripheral nerve stimulation کے ذریعے بعض دماغی امراض پر بھی قابو پایا جا سکتا ہے۔ Galvani Bioelectronics اس ٹیکنالوجی پر منحصر علاج آئندہ سات سال کے اندر پیش کرنے کی امید رکھتا ہے۔

منتخب: James Gallagher ہیلتھ اینڈ سائنس رپورٹر، بی بی سی نیوز ویب سائٹ

## رمضان سرگرمیاں

منجانب طاہرہ خان

### الہدیٰ کے تحت دورہ قرآن کا انتظام

رمضان کا مہینہ وہ مہینہ ہے جس میں قرآن نازل ہوا اس لیے اس مہینہ میں قرآن کے مطالعہ کی خاص اہمیت ہے۔ پچھلے کئی سالوں سے الہدیٰ رمضان کے دوران بہت سے مقامات پر دورہ قرآن کا انتظام کرتا رہا ہے جس میں لوگوں کو قرآن کا ترجمہ اور مختصر تفسیر کا مطالعہ کرنے میں مدد دی جاتی ہے۔ استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی نے اپنے ملتان کے علمی دورہ کے موقع پر تیسویں پارہ کی تدریس سے دورہ قرآن کا آغاز کیا۔ دیگر مقامات جہاں ایک ماہ کے طویل قرآن سیشنز منعقد ہوئے، پاکستان میں عبدالحکیم، ایبٹ آباد، اٹک، ڈی آئی خان، فیصل آباد، گجرات، اسلام آباد کراچی، کوہاٹ، لاہور، مردان، ملتان، پشاور، رحیم یار خان، رسالپور، سیالکوٹ، سوات، واہ کینٹ وغیرہ اور بین الاقوامی طور پر ابوظہبی، آکلینڈ، بحرین، بریڈفورڈ، دوہا، دبئ، مانچسٹر، ریاض، اور سری لنکا، وغیرہ ہیں۔



### راشن اور کھانے کی تقسیم

اس بات کو مدنظر رکھتے ہوئے کہ ضرورت مند کی مدد کرنا اسلام کا حسن ہے، الہدیٰ ہر سال خاص طور پر رمضان راشن پروگرام کا انتظام کرتا ہے جس میں ملک بھر میں مفلس خاندانوں کی مدد کی جاتی ہے۔ ہر سال کی طرح اس سال بھی الہدیٰ فیملی اور دوستوں نے کھلے دل کے ساتھ اس کام میں حصہ لیا۔ اللہ کی مہربانی سے اس سال پورے ایک ماہ تک 100,000 سے زیادہ خاندانوں کو کھانا فراہم کیا گیا۔ نمایاں طور پر منظّم انداز میں پنجاب، سندھ، خیبر پختون خواہ اور بلوچستان کے مختلف حصوں میں روزانہ افطاری کا بندوبست بھی کیا گیا۔

### الہدیٰ اسلام آباد میں اعتکاف

اس رمضان میں خواتین اور لڑکیوں نے بھی اسلام آباد الہدیٰ کیمپس مسجد میں عورتوں کے لیے مختص حصے میں میں اعتکاف کیا۔ معتکفین کے لیے خصوصی طور پر سحری اور افطاری کے انتظامات کیے گئے۔ ایک معتکف نے کہا: ''ایک پرسکون اور پرامن ماحول میں اعتکاف کرنے کا یہ ایک منفرد تجربہ تھا۔ میں نے خود کو اللہ کے قریب محسوس کیا میں نے اپنا دل اپنے رب کے سامنے انڈیل کر رکھ دیا۔ مجھے محسوس ہوا کہ میرے سارے دکھ مجھ سے لے لیے گئے ہوں۔ اس موقع کو فراہم کرنے پر شکریہ ادا کرنے کے لیے میرے پاس الفاظ نہیں ہیں''۔ ان کے لئے تجوید کلاسز کے ساتھ ساتھ قابل احترام سکالرز کے لیکچرز کا بھی انتظام کیا گیا تھا۔ رمضان میں عوام الناس کے لیے قیام الیل کا بھی اہتمام کیا گیا تھا جس میں بہت بڑی تعداد نے شرکت کی۔

### عید کی خوشیاں

لوگوں کی بہت بڑی تعداد نے ہر سال کی طرح اس سال بھی الہدیٰ مسجد میں عید کی نماز ادا کی۔ جناب عاطف اقبال صاحب نے عید کے خطبہ میں خاص طور پر ان نکات پر زور دیا: رمضان وہ وقت ہے جب ہماری روحانیت میں اضافہ ہوتا ہے، ہم مشترکہ طور پر اپنے آپ کو مضبوط کرتے ہیں اور ان تمام لوگوں کی مدد کرتے ہیں جو ضرورت مند ہوتے ہیں۔ یہ بہت ضروری ہے کہ ہم پورے سال اس نیکی کو جاری رکھیں۔ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ مفلس افراد بھی عید کے کھانے سے لطف اندوز ہو سکیں اور عید کی خوشیوں میں شرکت کر سکیں، رمضان کے آخری چند دنوں میں اور عید کی نماز سے قبل فطرانہ کو جمع اور تقسیم کرنے کا خاص انتظام کیا گیا تھا۔ ضرورت مند افراد میں رمضان کے آخر میں عید کے قریب الہدیٰ کیمپس میں عید سٹالز بھی لگائے گئے تھے جن میں کپڑوں، جوتوں، چوڑیوں اور دیگر زیورات وغیرہ کو انتہائی کم قیمت پر فروخت کیا گیا۔ رمضان کے تجربات سے ایک دوسرے کو آگاہ کرنے اور غذائیت سے بھرپور مزیدار کھانوں سے لطف اندوز ہونے کے لیے عید کی چھٹیوں کے بعد الہدیٰ برانچز میں سٹاف اور طالبات نے تقریبات کا اہتمام کیا جو سب کے لیے مل بیٹھ کر کھانے پینے اور ایک دوسرے سے سیکھنے کا ذریعہ ہے۔

## حکمت کے موتی

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''ابن آدم کے لیے کوئی نیک عمل مغفرت کا ذریعہ نہیں ہو سکتا سوائے اللہ کے ذکر کے''

معاذ بن جبلؓ سے روایت ہے کہ ''جنّتی کسی چیز پر حسرت نہ کریں گے سوائے اُن لمحات کے جو انہوں نے اللہ کی یاد کے بغیر گزار دیے''۔

ابو دردہؓ نے فرمایا: ''تمام چیزوں کو چمکایا جا سکتا ہے اور دلوں کو اللہ کے ذکر سے چمکایا جاتا ہے''۔

فضیل بن ایاز نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ فرماتا ہے، اے میرے بندو! تم مجھے صبح کی کچھ گھڑیوں اور عصر کے بعد کی کچھ گھڑیوں میں یاد کرو میں اُن اوقات کے درمیان تمہارے لیے کافی ہو جاؤں گا''۔

اس لیے صبح اور شام کے اوقات کو اللہ کی یاد کے لیے وقف کریں۔ یہ تمام شر کے خلاف تمہاری مدد کرے گا اور یہ تمہیں جنت حاصل کرنے میں مدد کرے گا جس کی چوڑائی زمین اور آسمانوں کے برابر ہے۔

https://telegram.me/The PearlsofWisdom

## تعزیت

الہدیٰ اسلام آباد کی سٹاف ممبر خدیجہ ریاض کے انتقال پُر ملال پر الہدیٰ تمام اسٹاف وطالبات کی طرف سے تعزیت کرتا ہے۔ اُن کا کام اُن کے لیے صدقہ جاریہ ہوگا ان شاء اللہ۔ اللہ تعالیٰ اُن کی مغفرت فرمائے اور انھیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے اور اللہ اُن کے لواحقین کو صبر عطا فرمائے۔

## ایڈیٹوریل ٹیم

ڈاکٹر فرحت ہاشمی - سرپرست اعلیٰ
ڈاکٹر فردوس روحی - مینیجنگ ایڈیٹر
طاہرہ خان - ایڈیٹر
مریم افضل - ایسوسی ایٹ ایڈیٹر




کل لاگت: 380 ملین روپے
اوقات تکمیل کا تخمینہ: 20 تا 22 ماہ
اہم درجہ بندی درج ذیل میں مذکور ہے:

| امدادی درجہ بندی | روپے |
|---|---|
| ایک کلاس کی تعمیر کا خرچہ (اندازاً) | 2,500,000 |
| ایک کلاس روم کا فرنیچر | 110,000 |
| ایک کلاس روم کے لئے سرگرمی کا مواد | 90,700 |
| کمپیوٹرز | 1,950,000 |
| سائنس لیب فرنیچر اور آلات | 1,600,500 |
| لائبریری کی کتب اور دو دیگر وسائل | 1,150,000 |
| ایک پنکھا | 3,400 |
| سیمنٹ کا ایک تھیلا | 595 |
| ایک LED ٹیوب لائٹ اور فکسر | 1,750 |

ویب سائٹ www.aispk.org/contribute

بینک تفصیلات:
کاؤنٹ ٹائٹل: الہدیٰ انٹرنیشنل سکول
اکاؤنٹ نمبر: 0164278002(PKR)
بینک کا نام: دبئ اسلامک بینک
برانچ کا نام: I-8 مرکز برانچ، اسلام آباد، پاکستان
برانچ کوڈ: 040
سوئفٹ کوڈ: DUIBPKKA
آئی بی این: PK71DUIB0000000164278002

Help Us BUILD the FUTURE

* You may donate in full or part in these categorie

الہدیٰ انٹرنیشنل ویلفیئر فاؤنڈیشن
7-اے کے بروہی روڈ H-11/4 اسلام آباد پاکستان
فون: 9-4866125 51 92+ | ای میل: info@alhudapk.com
www.farhathashmi.com | www.alhudapk.com